© rasailojaraid.com

کردار ادا کرنے پر آمادہ ہے۔ لیکن یہاں تو الٹی گنگا بہہ رہی ہے کہ دہشت گردی کی آگ کو بجھانے کے لئے ارباب مدارس کا تعاون حاصل کرنے کی بجائے مدارس کو تنگ کر کے بعض جذباتی نوجوانوں کو دہشت گردی کا راستہ دکھانے اور دہشت گردی کی اس آگ پر تیل چھڑکنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

## سروے فارمز کی تقسیم اور مدارس کا موقف:

وطن عزیز کے دینی مدارس کے منتظمین، اساتذہ کرام اور ان اداروں میں زیر تعلیم لاکھوں طلباء نے ہمیشہ حب الوطنی کا ثبوت دیا اور ملک وقوم کے لئے کسی قسم کی مشکلات پیدا نہیں کیں بلکہ یکسوئی کے ساتھ اپنی تعلیمی اور دینی خدمات میں مصروف رہے لیکن بد قسمتی سے ان مدارس کو ہمیشہ مشکلات سے دوچار کیا گیا اور ہر نئے حکمران نے دینی مدارس کو تختہ مشق بنایا۔ کچھ عرصے کے سکوت کے بعد دینی مدارس کے لئے ایک مرتبہ پھر مشکلات کھڑی کی جارہی ہیں، کہیں انکوائری اور تحقیقات کے نام پر حساس اداروں کے اہلکار مدارس و مساجد کی انتظامیہ کو پریشان کرتے دکھائی دیتے ہیں اور کہیں سے سروے فارمز کی تقسیم کی اطلاعات موصول ہو رہی ہیں، کسی مدرسے پر قانون نافذ کرنے والے ادارے اچانک دھاوا بول دیتے ہیں اور کبھی کسی مشکوک شخص کی گرفتاری کے بہانے مدارس پر چھاپے پڑنے لگتے ہیں۔

جہاں تک حکومت کی طرف سے مدارس کے کوائف اکٹھے کرنے کا معاملہ اس کی نہ مدارس نے کبھی مخالفت کی اور نہ نیک نیتی پر مبنی ایسی کسی مہم کے راستے میں رکاوٹ ڈالی، بلکہ اس معاملے کا حقیقی پس منظر یہ ہے کہ اس وقت تقریباً پاکستان کے تمام دینی مدارس کی باقاعدہ رجسٹریشن کروائی جاچکی ہے۔ رجسٹریشن کے مراحل کے دوران مدارس کے جملہ کوائف متعلقہ اداروں کے پاس جمع کروائے جاتے ہیں بعد ازاں اعلانیہ اور خفیہ طور پر مدارس کے منتظمین کے علاقائی، خاندانی اور تعلیمی ریکارڈ کی خوب چھان پھٹک کی جاتی ہے، رجسٹریشن فارم جمع کروانے والے مدارس کی کڑی نگرانی کی جاتی ہے اور پھر ویریفکیشن کے اس لمبے چوڑے پراسس کے بعد کہیں مہینوں بعد جا کر اس ادارے کو رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد بھی وقتاً فوقتاً مختلف اداروں کے اہلکار مدارس انتظامیہ سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں اور مدارس کے کوائف، اساتذہ وطلبہ کی تعداد اور تفصیلات وغیرہ سے متعلقہ معلومات کو ''اپ ڈیٹ'' کیا جاتا رہتا ہے۔ ان تمام مراحل کی تکمیل کے بعد تمام مکاتب فکر کے مدارس کی نمائندہ تنظیمات نے سابقہ حکومت کے ساتھ اصولی طور پر یہ بات طے کی تھی کہ اب بھی اگر قانون نافذ کرنے والے ادارے مدارس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہیں تو وہ سرسری معلومات تو متعلقہ مدرسہ سے براہ راست حاصل کر سکتے ہیں تاہم تفصیلی معلومات کے لئے متعلقہ مدارس کو پریشان اور ہراساں کرنے کی بجائے ان مدارس کی نمائندہ تنظیموں سے رجوع کیا جائے گا لیکن اب اس معاہدے سے انحراف کرتے ہوئے سروے فارمز کی تقسیم شروع کی گئی ہے۔ ان فارمز میں مدارس کے متعلق مختلف سوالات کئے گئے ہیں اور چونکہ اکثر مدارس مساجد سے ملحق ہوتے ہیں اس لئے ان فارمز کے ساتھ ساتھ مساجد کے بارے میں بھی ایک فارم گردش کر رہا ہے جس میں مساجد کمیٹیوں کے اراکین کے بارے میں پوچھا گیا ہے بالخصوص چند اہم مالی معاونین کے نام، پتے بھی مانگے گئے ہیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

مدارس کی نمائندہ تنظیموں کو اعتماد میں لیے بغیر شروع کیے گئے اس سروے کو اہل مدارس شک وشبہ کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ بعض حلقوں کا خیال ہے کہ یہ مہم ان نادیدہ قوتوں کی کارستانی ہے جو حکومت اور اہل مدارس کے مابین غلط فہمیوں اور محاذ آرائی کی فضا پیدا کرنے چاہتے ہیں، بعض لوگ یہ خدشہ ظاہر کر رہے ہیں کہ یہ سروے سرکاری اور حکومتی اداروں نے مغربی ایجنڈے کی تکمیل کے لئے سرگرم عمل این جی اوز کے ایماء پر شروع کیا ہے، بعض لوگ یہ دور کی کوڑی لائے ہیں کہ امریکہ مستقبل قریب میں ڈرون حملوں کا دائرہ بڑھانا چاہتا ہے پہلے وہ حکومتی رضامندی سے قبائل علاقوں میں مدارس کو نشانہ بناتا رہا جمرود کی مسجد پر ڈرون حملہ ہوا اور آئندہ ڈرون حملوں کا ہدف دینی مدارس ہوں گے، چنانچہ پیشگی منصوبہ بندی کے طور پر حالیہ سروے کیا گیا، بعض لوگ یہ سمجھ رہے ہیں کہ مدارس کے مالی معاونین کا ریکارڈ جمع کر کے انہیں تنگ کیا جائے گا اور مدارس کو معاشی طور پر کمزور کرنے کی کوشش کی جائے گی، اور بعض لوگ اس شک وشبہ کا اظہار بھی کر رہے ہیں کہ اہل مدارس کے ساتھ اخلاقی اور انتظامی طور پر تعاون کرنے والے کمیٹی ممبران اور اہل مدارس کے مابین غلط فہمیاں اور دوریاں پیدا کرنے کے لیے ان کوائف کو استعمال کیا جائے گا۔ یہ تمام خدشات غلط بھی ہو سکتے ہیں اور جزوی طور پر درست بھی ہم نہ ان کی تردید کر رہے ہیں اور نہ ہی تائید وتصدیق، لیکن بتانا یہ مقصود ہے کہ مدارس کی دنیا میں ان خدشا کا اظہار کیا جارہا ہے ہمارے خیال میں جب حکومت اور مدارس دینیہ کی قیادت کے درمیان پورا سال گزرنے کے باوجود ایک مرتبہ بھی باقاعدہ رابطہ اور باضابطہ مذاکرات نہیں ہوئے تو ایسی صورت میں پیدا ہونے والی بداعتمادی اور باہمی خلیج سے جتنے خدشات جنم لیں اور جتنی غلط فہمیاں پیدا ہوں ان پر قدغن نہیں لگائی جاسکتی۔

مدارس کے حوالے سے موجودہ صورتحال پر غور کرنے کے لئے 18 اپریل 2009 کو وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ اور 19 اپریل 2009 کو مجلس شوریٰ کا اجلاس ہوا اور بعد ازاں تمام مکاتب فکر کے دینی مدارس کی نمائندہ تنظیموں پر مشتمل ''اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ'' کا اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا جس میں تمام مکاتب فکر کے مدارس کو پابند کیا گیا کہ وہ پوچھ گچھ کرنے والے اہلکاروں کے ساتھ کسی قسم کا تعاون نہ کریں اور انہیں اپنی نمائندہ تنظیموں سے رجوع کرنے کا کہیں۔ اسی طرح ملک گیر سطح پر تحفظ مدارس کنونشنز کے انعقاد کا فیصلہ بھی کیا گیا جس سلسلے میں آغاز 29 اپریل 2009 بروز بدھ دارالعلوم اسلام آباد سے کیا جائے گا۔ اسی طرح یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ صدر، وزیراعظم، دیگر مقتدر قوتوں اور متعلقہ اداروں کے نام بھی خطوط لکھے جائیں اور انہیں مدارس کے جملہ معاملات پر مدارس کی نمائندہ تنظیموں سے مذاکرات کرنے اور انہیں اعتماد میں لینے کی ضرورت پر زور دیا جائے اور لکھا جائے کہ سابقہ حکومتوں کے ساتھ جو امور طے پا گئے تھے انہیں نہ چھیڑا جائے اور مذاکرات کا سلسلہ وہیں سے شروع کیا جائے جہاں سے منقطع ہوا تھا از سر نو زیرو پوائنٹ سے معاملات اور مذاکرات کا آغاز نہ کیا جائے۔ اگر حکومت نے اب بھی اس معاملے کو درخور اعتناء نہ سمجھا تو خدشہ ہے کہ آنے والے دنوں میں معاملات میں مزید بگاڑ پیدا ہوگا۔

☆☆☆



© rasailojaraid.com